
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : رضوانہ رحمٰن

چوتھی جماعت کے لئے



ٹیچر کیلئے نوٹ
- یہ کتاب چوتھی جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ ٹیچر اگر چاہیں تو بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق تبدیلی کر سکتی ہیں۔

## سیشن 1

10 منٹ
- کہانی پڑھنے سے پہلے بچوں سے لفظ کھیت اور منڈی کے معنی پوچھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ ہم کھیت سے کیا حاصل کرتے ہیں؟ منڈی کس جگہ کو کہتے ہیں۔ بچے اگر جوابات دے سکیں تو ٹھیک ہے۔ ورنہ ٹیچر خود اپنے طور پر یہ جوابات دیں۔ اس موقع پر کلاس میں نظم وضبط کا خاص خیال رکھا جائے۔ جوابات ملنے کے بعد ٹیچر بچوں سے کہیں کہ آج ہم ایک دلچسپ کہانی پڑھیں گے۔ کہانی کی پڑھائی کے بعد ہم کہانی کے حوالے سے بات چیت کریں گے۔

30 منٹ
- اب ٹیچر کہانی کو الفاظ کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ دلچسپ اور موثر طریقہ سے پڑھ کر سنائیں تاکہ بچوں کی بھرپور توجہ حاصل ہوسکے۔ کہانی کے درج ذیل جملوں کو ٹیچر بڑے موثر انداز اور مزے لے کر پڑھیں۔
  (۱) ٹیوب ویل کے قریب سے ہو کر . . .
  (۲) ٹرکوں اور بسوں کے شور کے درمیان . . .
  (۳) چائے پراٹھے کا . . .
- کہانی کی پڑھائی ختم ہونے کے بعد ٹیچر بچوں سے سوالات کریں کہ انہیں کہانی کیسی لگی؟ اس کہانی میں بچوں کی توجہ کس جانب دلائی گئی ہے۔ ٹیچر بچوں کو جوابات دینے کا موقع فراہم کریں۔ تاکہ زیادہ سے زیادہ بچے اس بات چیت میں حصہ لے سکیں۔ بچوں کی بات چیت میں ٹیچر خود بھی اضافہ کریں۔ ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ سبزی اور پھل خریدنا اور انہیں کھانا پکانا ہمارا روزانہ کا معمول ہے لیکن سبزی ہم تک کیسے پہنچتی ہے یہ کوئی آسان کام نہیں ہے۔ یہ ایک باقاعدہ طریقہ کار ہے جس میں کسان سے لے کر سبزی فروش تک سب لوگ شامل ہوتے ہیں۔ کسان محنت کر کے پھل اور سبزیاں اُگا کر سبزی منڈی تک پہنچاتا ہے۔ جہاں سے سبزی فروش سبزیاں اپنی دکانوں پر لاکر سجاتے ہیں۔ اس طرح ہم یہ سبزیاں سبزی فروش سے حاصل کرتے ہیں۔ جب بچوں کو کہانی کا مفہوم سمجھ آ جائے تو ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کہانی میں کون سے الفاظ مشکل لگے۔ پھر ٹیچر انہیں ان الفاظ کے معنی اچھی طرح بتائیں۔ اس کے علاوہ کہانی کے درج ذیل الفاظ کے معنی اچھی طرح سمجھائیں۔

نہر۔ ٹیوب ویل۔ لکڑی کی ٹال۔ ریوڑ۔

- اس تمام مشق کے مکمل ہونے کے بعد کلاس کے چند بچوں سے کہانی کی پڑھائی دوبارہ کر وائیں تا کہ بچوں کو کہانی اور بھی اچھی طرح سے یاد ہو جائے۔

گھر کا کام
5 منٹ

- کہانی کھیت سے منڈی اچھی طرح سے پڑھ کر آئیں۔ اپنی امی یا ابو کی مدد سے زمین کے اندر اور باہر اُگنے والی سبزیوں کے نام معلوم کرکے آئیں۔

## سیشن 2

40 منٹ

- آج بچوں سے کلاس میں آنے کے بعد گھر کے کام کے حوالے سے بات چیت کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ انہوں نے کچھ نام معلوم کئے ہیں یا نہیں۔ پھر ٹیچر بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ زمین کے اندر اور باہر اگنے والی سبزیوں کے نام ایک کالم میں اور ان کا انگریزی ترجمہ دوسرے کالم میں لکھیں۔

| اردو | انگریزی | اردو | انگریزی |
|---|---|---|---|
| آلو | potato | بند گوبھی | cabbage |
| چقندر | beet root | ٹماٹر | tomato |
| پیاز | onion | لیموں | lemon |
| لہسن | garlic | ہرا دھنیا | coriander |
| ادرک | ginger | پودینہ | mint |
| مولی | reddish | بھنڈی | lady finger |
| گاجر | carrot | مٹر | peas |
| کدو | pumpkin | | |

- بچے اس فہرست کو اپنی کاپیوں میں اتاریں۔
- بچے جس وقت یہ فہرست کاپیوں میں لکھ رہے ہوں اس وقت ٹیچر کلاس میں چکر لگاتے ہوئے بچوں کی لکھائی کی جانچ بھی ساتھ ساتھ کرتی جائیں اور اچھی لکھائی کرنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ وہ بچے جو جلدی کام مکمل کرلیں ان سے کہیں کہ وہ سبزیوں کی تصاویر اپنی کاپی میں بنائیں۔

- کام مکمل ہونے کے بعد جو وقت بچے اس میں ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ جس طرح سبزی اور پھل ایک لمبا سفر طے کرکے ہم تک پہنچتے ہیں۔ اسی طرح عام استعمال کی اور بھی بہت سی دوسری چیزیں ہم تک ایک باقاعدہ طریقہ کار سے گزر کر پہنچتی ہیں۔ ٹیچر پہلے بچوں سے ہی پوچھیں۔ اگر بچے سوال کا جواب نہ دے سکیں تو ٹیچر انہیں چند مثالیں دیں۔ مثلاً دودھ
- دودھ کے باڑوں میں گوالا دودھ دوہتا ہے۔ پھر دودھ کو الگ الگ کنستروں میں رکھا جاتا ہے۔جہاں سے ٹرکوں اور سوزوکی میں ان کنستروں کو رکھ کر شہر میں مختلف دودھ کی دکانوں، ہوٹلوں اور مٹھائی کی دکانوں تک پہنچایا جاتا ہے۔ان سارے مراحل سے گزر کر دودھ عام لوگوں تک پہنچتا ہے۔

گھر کا کام 5 منٹ

- کہانی کے مشکل الفاظ لکھنے کی مشق کریں۔

## سیشن 3

25 منٹ

- اسکول انتظامیہ سے کہیں کہ وہ اسکول میں کسی سبزی والے کو بلائیں۔ سبزی والا اپنے ٹھیلے سمیت اسکول آئے۔ بچے نہ صرف قریب سے سبزیوں کا مطالعہ کریں بلکہ سبزی والے سے بات بھی کریں۔ اب تک بچے سبزیوں کے اردو انگریزی ناموں سے بھی واقف ہوچکے ہوں گے۔ اس لئے ٹیچر کو چاہئے کہ سبزیوں کے نام اردو اور انگریزی میں دہراتی بھی جائیں۔ بچے سبزی والے سے سوالات بھی کریں۔ (ممکنہ سوالات یہ بھی ہوسکتے ہیں۔)

(۱) وہ سبزی کس طرح حاصل کرتے ہیں؟
(۲) روزانہ کی آمدنی کتنی ہوتی ہے؟
(۳) صبح سویرے کس وقت منڈی جاتے ہیں؟
(۴) سبزی کو ضائع ہونے سے بچانے کے لئے کیا کرتے ہیں؟
(۵) جب لوگ ان سے سبزی کے دام کم کرانے پر تکرار کرتے ہیں تو کیسا لگتا ہے؟

15 منٹ

- سبزی والے کا انٹرویو مکمل ہونے کے بعد کلاس میں آنے کے بعد بچے اس عنوان سے مضمون کی لکھائی کا کام کریں۔
- ''اسکول میں سبزی والے سے ملاقات''۔

گھر کا کام 5 منٹ
- اسکول میں کروایا جانے والا کام مکمل کر کے لائیں۔

## سیشن 4

45 منٹ
- بچے جو مضامین لکھ کر لائے ہوں وہ ان سے لے لئے جائیں۔ پھر ٹیچر چند مضامین کلاس میں بلند آواز میں پڑھ کر سنائیں اور ہر بچے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ غلط لکھے گئے جملوں کی اصلاح بہت پیار اور نرمی سے کی جائے تاکہ بچوں کی حوصلہ شکنی نہ ہوسکے۔ اس کے بعد ٹیچر کلاس کے چند بچوں سے کہانی دوبارہ پڑھوائیں اور بچوں کی توجہ اس جانب کروائیں کہ کھیت سے منڈی تک کے سفر کے دوران کسان کو کن مراحل سے گزرنا پڑا۔ ان کی فہرست بچوں کی مدد سے بورڈ پر ترتیب دیں۔

(۱) مولی گاجر کے کھیتوں سے (۲) آم اور نیبو کے باغوں سے
(۳) ٹیوب ویل کے قریب (۴) پل کے اوپر سے
(۵) لکڑی کی ٹال سے (۶) آٹے کی چکی کے پاس سے

- بچے اس فہرست کو اپنی کاپیوں میں لکھیں۔

## سیشن 5

20 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ آج ہم ایک دلچسپ کام کریں گے یعنی الفاظ کی جوڑی کو ایک ہی جملے میں استعمال کرنے کا۔ پھر ٹیچر درج ذیل الفاظ بورڈ پر خوشخط لکھیں۔

(۱) کھیت = مٹر

بچے ان الفاظ کی مدد سے جملے بنانے کا کام پہلے زبانی کریں۔ مثلاً کھیت سے ہرے ہرے مٹر ہمارے گھر آئے۔

20 منٹ
- پھر اس طرح کے الفاظ کی جوڑیاں بورڈ پر لکھی جائیں۔ بچے ان الفاظ کے زبانی جملے بنائیں اور پھر لکھائی کا کام کریں۔

سبزی - ڈھیر آم - باغ
گاؤں - ٹیوب ویل شہر - شور دکاندار - حساب کتاب

| | |
|---|---|
| نوٹ | • بچے جب جملے بنانے کا کام کریں تو ٹیچر کلاس میں چکر لگاتے ہوئے بچوں کے کام کی اصلاح کریں اور انہیں اچھے جملے بنانے پر شاباش دیں۔ |
| گھر کا کام<br>5 منٹ | • صفحہ نمبر 5 اور 6 کا غور سے مطالعہ کریں اور نظر آنے والی چیزوں کے متعلق پیراگراف لکھیں۔ |

## سیشن 6

45 منٹ

• آج بچوں سے کلاس میں رول پلے کروائیں۔ رول پلے درج ذیل موضوعات کے حوالے سے کر وایا جا سکتا ہے۔ ٹیچر کسی ایک موضوع کا انتخاب کر کے اس پر کام کر وا سکتی ہیں۔
کلاس میں نظم وضبط کا خاص خیال رکھیں اور کوشش کریں کہ وہ بچے جو عام طور پر اس کارروائی (activity) میں حصہ نہیں لیتے ہیں وہ بھی اس میں شامل ہوں۔

(۱) گاہک اور سبزی والے کے درمیان تکرار کا منظر
(۲) سبزی والے جو صدا لگاتے ہیں۔ اس صدا لگانے کا مقابلہ۔
(۳) کسی حکیم صاحب کے مطب کا منظر جہاں حکیم صاحب سبزی کھانے کے فوائد کے بارے میں اپنے مریضوں کو بتا رہے ہوں۔

## سیشن 7

45 منٹ

• کہانی کی پڑھائی ختم ہونے کے بعد بچوں سے سوال و جواب کر وائیں۔ جس میں پچھلے کر وائے گئے تمام کاموں کا اعادہ ہو۔

(۱) کھیت سے منڈی تک پہنچنے کے دوران کسان سب سے پہلے کن تین جگہوں سے گزرا؟
(۲) پیسوں کا حساب کتاب کرنے کے بعد کسان نے کیا کیا؟
(۳) سبزی فروش کس طرح کی زندگی گزارتے ہیں؟ پانچ جملے لکھیں؟
(۴) آپ کے گھر سے اسکول تک کے راستے میں کون کون سے مقامات، سڑکیں آتی ہیں۔ کسی دو کا نام لکھیں؟
(۵) الفاظ کی جوڑی ایک ہی جملے میں استعمال کریں؟

کنارے کنارے، شہر سڑک، آٹا چکی، شہر شور۔

(۶) مندرجہ ذیل اسم کے ساتھ صفت لگائیں۔

لیموں۔ ٹماٹر۔ کھیت۔ چائے۔ ٹرک (مثلاً کھٹا لیمو)

(۷) سبزیوں کے نام انگریزی میں لکھیں۔

ادرک۔ ginger آلو۔ potato ٹماٹر۔ tomato

پھلیاں۔ beans چقندر۔ beet root

گھر کا کام

- بچوں کو یہ نظم یاد کروائیں۔ اگر کلاس میں یاد نہ ہوسکے تو وہ گھر سے اسے یاد کرکے آئیں۔

# سبزی فروش

سبزی والے نے آواز لگائی
لے جاؤ ترکاری بھائی

کھیت سے تازہ آئی ہے یہ
منڈی سے منگوائی ہے یہ

لے کر اس کو کسان ہے آیا
ڈھیر سبزی کا اس نے لگایا

سبزی بہت ہی اچھی ہے
بات ہماری سچی ہے

ہے ترکاری ہری بھری
مرچی ہے یا سبز پری

گاجر کا اترانا دیکھو
کدو کا شرمانا دیکھو

شلجم اور ٹماٹر کھاؤ
آلو سیم مٹر لے جاؤ

توری بینگن پالک میتھی
بھنڈی اروی اور گوبھی


لہسن پیاز کریلے لے لو
کچے پکے کیلے لے لو

پاس ہے میرے پودینہ بھی
ادرک مرچ ہرادھنیا بھی

ترکاری کا کھانا اچھا
اچھا خون بڑھانا اچھا

آؤ آؤ آؤ بھائی
ترکاری لے جاؤ بھائی

# سبزیوں کے نام تلاش کیجئے۔



# کھیت سے منڈی

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale